احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

جمعہ 28 مئی 2004ء

روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 213029
C.P.L 29

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editoralfazl@hotmail.com

جمعہ 28 مئی 2004ء، 8 ربیع الثانی 1425 ہجری - 28 ہجرت 1383 ہش جلد 54-89 نمبر 115

اظہار تعجب

حضرت رسول کریم ﷺ کی وفات کے بعد حضرت ابوبکر صدیق پہلے خلیفہ بنے ان کے والد ابوقحافہ کو مکہ میں خبر ملی جوان کیلئے باعث حیرت تھی کہ عرب کے طاقتور اور بارسوخ قبائل نے بھی انہیں خلیفہ تسلیم کرلیا ہے چنانچہ وہ پوچھتے رہے کہ کیا فلاں فلاں قبیلہ نے بھی مان لیا ہے۔ان کی وفات حضرت ابوبکرؓ کی وفات کے ایک سال بعد ہوئی۔

(البدایہ والنہایہ ابن کثیر جلد7ص50حالات 14ھ مکتبہ معارف بیروت طبع اول 1966ء)

خلافت کی اہمیت اعلیٰ مقام استحکام اوربرکات کا ایمان افروز تذکرہ

اللہ تعالیٰ نے اپنے وعدہ کے مطابق جماعت احمدیہ میں دائمی خلافت قائم فرمائی ہے

خلیفہ خدا بناتا ہے اور جھوٹا ہے وہ انسان جو کہتا ہے کہ خلیفہ انسانوں کا مقرر کردہ ہوتا ہے۔ (مصلح موعود)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ 21۔مئی 2004ء بمقام جرمنی کا خلاصہ

خطبہ جمعہ کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 21 مئی 2004ء کو جرمنی میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔آپ نے اپنے خطبہ میں خلافت کی اہمیت بلند مقام اور برکات کو قرآن کریم، احادیث نبویہ اور ارشادات حضرت مسیح موعود کی روشنی میں بیان فرمایا۔حضور انور کا یہ خطبہ ایم ٹی اے کے ذریعہ دنیا بھر میں ٹیلی کاسٹ کیا گیا اور متعدد زبانوں میں رواں ترجمہ بھی نشر کیا گیا۔اس خطبہ کے ساتھ خدام الاحمدیہ جرمنی کا 25واں سالانہ اجتماع بھی اختتام پذیر ہوا۔

حضور انور نے خطبہ کے آغاز میں سورۃ النور کی آیت نمبر 56 تلاوت فرمائی جس کا یہ ترجمہ ہے۔تم میں سے جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال بجالائے ان سے اللہ نے پختہ وعدہ کیا ہے کہ انہیں ضرور زمین میں خلیفہ بنائے گا جیسا کہ اس نے ان سے پہلے لوگوں کو خلیفہ بنایا اور ان کے لئے ان کے دین کو جو اس نے ان کے لئے پسند کیا ضرور تمکنت عطا کرے گا اور ان کی خوف کی حالت کے بعد ضرور انہیں امن کی حالت میں بدل دے گا وہ میری عبادت کریں گے۔میرے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائیں گے اور جو اس کے بعد بھی ناشکری کرے تو یہی وہ لوگ ہیں جو نافرمان ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے خلافت کا وعدہ کیا ہے لیکن ساتھ شرائط عائد کردی ہیں کہ ان پر قائم رہو گے تو تمہارے اندر خلافت قائم رہے گی لیکن اس کے باوجود ابتدائی دور میں 30 سال خلافت قائم رہی اور اس کے آخری سالوں میں خلافت کے خلاف فتنے اٹھے اور خلفاء کو شہید کیا گیا جس کے بعد خلافت راشدہ ختم ہوگئی۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے وعدہ کے مطابق حضرت مسیح موعود کی وفات کے بعد پھر خلافت قائم فرمائی اور خوف کی حالت کو امن میں بدل دیا۔حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے فرمایا تھا کہ خلافت کا انتخاب عقل انسانی کا کام نہیں۔خلیفہ بنانا اللہ ہی کا کام ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ حضرت مصلح موعود نے 52 سال خلافت کی جس کا ہر دن ایک نئی ترقی لے کر آیا اور مصلح موعود کے کام نے دنیا میں تہلکہ مچادیا۔خلافت ثالثہ کے دور میں فتنے اٹھے لیکن پہلے سے بڑھ کر ترقیات نصیب ہوئیں۔خلافت رابعہ جماعت کی انتہائی ترقی کا دور تھا۔جماعت کروڑوں میں داخل ہوئی۔ایم ٹی اے کا آغاز ہوا جس نے تمام دنیا میں احمدیت کی آواز پہنچادی۔پھر آپ کی وفات پر خوف کا دور آیا لیکن ساری جماعت نے اللہ تعالیٰ کی قدرت کے ایسے نظارے دیکھے جس سے ایمان مضبوط ہوئے۔غیروں نے بھی انتخاب خلافت کے نظارے دیکھ کر اقرار کیا کہ خدا کی فعلی شہادت جماعت احمدیہ کے ساتھ ہے۔اب اللہ تعالیٰ نے ایک ایسے شخص کو خلافت پر فائز کیا ہے کہ اگر دنیا کی نظر سے دیکھا جائے تو شاید دنیا کے لوگ اس کی طرف دیکھنا بھی گوارا نہ کریں۔حضرت مصلح موعود نے فرمایا ہے خوب یاد رکھو خلیفہ خدا بناتا ہے اور جھوٹا ہے وہ انسان جو یہ کہتا ہے کہ خلیفہ انسانوں کا مقرر کردہ ہوتا ہے جس کو خدا خلیفہ بناتا ہے وہ اس کو اپنی صفات بھی بخشتا ہے۔حضور انور نے فرمایا کہ حضرت مسیح موعود کی انگوٹھی جس پر آپ کا الہام "مولا بس" کندہ ہے وہ مجھے میرے والد کی وفات کے بعد ملی۔میں اسے سنبھال کر رکھتا تھا۔خلافت کے بعد پہننی شروع کی ہے مولا بس کے نظارے اور کیا خدا کافی نہیں ہے کے نظارے مجھے ہر لحظہ نظر آتے ہیں۔اللہ تعالیٰ ہی لوگوں کے دلوں میں محبت پیدا کرتا ہے اور اس نے ہی لوگوں کے دلوں میں میری محبت پیدا کی ہے۔حضور انور نے دورہ افریقہ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ انہوں نے محبت کا اس طرح اظہار کیا جس طرح برسوں کے بچھڑے ملتے ہیں۔یہ سب خلافت سے محبت ہے جو ان دور دراز علاقوں میں رہنے والے لوگوں میں بھی اللہ نے پیدا کی ہے۔حضور نے فرمایا یاد رکھیں وہ سچے وعدوں والا خدا ہے۔وہ آج بھی اپنے پیارے مسیح کی اس پیاری جماعت پر ہاتھ رکھے ہوئے ہے۔وہ ہمیں کبھی نہیں چھوڑے گا۔اور کبھی نہیں چھوڑے گا اور کبھی نہیں چھوڑے گا۔وہ آج بھی اپنے مسیح سے کئے ہوئے وعدوں کو اس طرح پورا کر رہا ہے جس طرح وہ پہلی خلافتوں میں کرتا رہا ہے۔پس دعائیں کرتے ہوئے اور اس کا فضل مانگتے ہوئے ہمیشہ اس کے آستانہ پر پڑے رہیں اور اس مضبوط کڑے کو ہاتھ ڈالیں تو پھر کوئی بھی آپ کا بال بیکا نہیں کرسکتا۔اللہ تعالیٰ سب کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔

خدا کے دفتر میں سابقین

✪ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

"پس وہ لوگ جو معائنہ عذاب سے پہلے اپنا تارک الدنیا ہونا ثابت کرائیں گے اور نیز یہ بھی ثابت کردیں گے کہ کس طرح انہوں نے میرے حکم کی تعمیل کی کہ خدا کے نزدیک حقیقی مومن وہی ہیں اور اس کے دفتر میں سابقین اولین لکھے جائیں گے۔" (الوصیت)

(مرسلہ: سیکرٹری مجلس کارپرداز)

روزنامہ الفضل کی حفاظت کریں

✪ روزنامہ الفضل ہمارا جماعتی اخبار ہے جو جماعت احمدیہ کے احباب کی تربیت کیلئے حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے دور میں 1913ء میں شروع ہوا اور 90 سال سے زائد عرصہ سے روز افزوں ترقی کرتا چلا جا رہا ہے۔

ہمارا اخبار دنیاوی آلائشوں سے بالاتر دینی اور دنیوی علوم کا خزانہ ہے، قومی امنگوں اور ضرورتوں کو پورا کرتا ہے۔الفضل میں حضرت مسیح موعود کے فرمودہ ملفوظات اور تحریرات کے علاوہ ڈھیروں مقدس حوالہ جات بھی شائع ہوتے ہیں۔جن کا مطالعہ کرنا، ان کو دوسروں تک پہنچانا، ان پر عمل کرنا اور ان کے ذریعے بچوں کی تعلیم وتربیت کرنا ہم سب کا فرض ہے۔ان تمام مقاصد کو حاصل کرنے کیلئے الفضل کے پرچوں کی حفاظت اور ان کو ترتیب سے ریکارڈ میں رکھنا ہماری اولین ذمہ داری ہے۔

احباب جماعت کی دینی تعلیم وتربیت پر مشتمل یہ مواد احترام کا تقاضا کرتا ہے۔اس کو ردی میں دوسرے اخبارات کے ساتھ فروخت کرنا اس کے احترام کو پامال کرنے کے مترادف ہے۔اگر سنبھالنا ممکن نہ ہو تو احتیاط کے ساتھ اس کو ضائع کریں کہ ان مقدس تحریرات کی بے حرمتی نہ ہو اور کسی الزام کا پیش خیمہ نہ بنے۔امید ہے احباب جماعت اس طرف خصوصی توجہ فرمائیں گے اور اس سے بھرپور استفادہ کرتے ہوئے اس کے ادب واحترام کو بھی ملحوظ خاطر رکھیں گے۔

ابرِ کرم کا تسلسل

پیاسوں کو جو پانی سے ہے سانسوں کو ہوا سے
ہم ہیں کہ ہمیں ربط ہے اس شمع وفا سے

بچھتے ہی چلے جاتے ہیں دل راہوں میں اس کی
دیوانے بندھے جاتے ہیں اک ایک ادا سے

آنکھیں کہ جھکی جاتی ہیں ان آنکھوں کے آگے
اس بزم میں جب جاتے ہیں ہم دید کے پیاسے

لہجوں کو بھی آ جاتے ہیں چاہت کے قرینے
آواز نہ اونچی ہو کبھی اس کی صدا سے

وہ ایک تسلسل ہے رواں ابر کرم کا
ہم پائیں شہی پیاز کی اس ظل ہما سے

جب چاہو کرو تجربہ تاثیر کا اس کی
دنیا ہی بدل جاتی ہے اک اس کی دعا سے

وہ رنگ ہے خوشبو ہے کہ ہے نور سراپا
تم مل کے تو دیکھو مرے اس مردِ خدا سے

آنگن ہیں اسی نور سے پرنور ہمارے
یہ جان یہ دل اس سے ہیں مسرور ہمارے

مبارک احمد عابد

احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

ہفتہ 29 مئی 2004ء

12-30 a.m	لقاء مع العرب
1-40 a.m	درس ملفوظات
2-00 a.m	خطبہ جمعہ نشر مکرر
4-10 a.m	سوال و جواب
5-00 a.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-00 a.m	خطبہ جمعہ
8-00 a.m	سوال و جواب
9-00 a.m	مشاعرہ
11-00 a.m	تلاوت، خبریں
11-55 a.m	لقاء مع العرب
1-00 p.m	فرانسیسی سروس
2-00 p.m	انڈونیشین سروس
3-00 p.m	خطبہ جمعہ
5-00 p.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
5-30 p.m	بنگلہ سروس
6-30 p.m	انتخاب سخن
8-00 p.m	بستان وقف نو
9-00 p.m	گفتگو "حسن سلوک"
9-20 p.m	اردو تقریر
10-00 p.m	سوال و جواب
11-30 p.m	لقاء مع العرب

اتوار 30 مئی 2004ء

1-35 a.m	سوال و جواب
2-35 a.m	بستان وقف نو
2-55 a.m	حکایات شیریں
3-10 a.m	مشاعرہ
3-55 a.m	سوال و جواب
5-00 a.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-00 a.m	گلشن وقف نو
7-00 a.m	چلڈرنز کارنر
7-20 a.m	سوال و جواب
8-40 a.m	پیارے مہدی کی پیاری باتیں
9-20 a.m	سیرت حضرت مسیح موعود
9-55 a.m	گلشن وقف نو
11-05 a.m	تلاوت، خبریں
11-45 a.m	لقاء مع العرب
1-00 p.m	سوال و جواب
1-50 p.m	سرائیکی سروس
3-05 p.m	انڈونیشین سروس
4-00 p.m	پیارے مہدی کی پیاری باتیں
5-00 p.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-00 p.m	بنگلہ سروس
7-00 p.m	پیارے مہدی کی پیاری باتیں
8-05 p.m	خطبہ جمعہ
10-05 p.m	سوال و جواب
11-30 p.m	لقاء مع العرب

سوموار 31 مئی 2004ء

1-15 a.m	گلشن وقف نو (اطفال)
2-15 a.m	سوال و جواب
3-00 a.m	خطبہ جمعہ
5-00 a.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-00 a.m	بچوں کا پروگرام
7-00 a.m	چلڈرنز ورکشاپ
7-30 a.m	سوال و جواب
8-30 a.m	کوئز روحانی خزائن
9-20 a.m	علمی خطابات
10-00 a.m	چلڈرنز کارنر
11-00 a.m	تلاوت، خبریں
12-00 p.m	لقاء مع العرب
1-00 p.m	چائنیز سروس
2-00 p.m	چائنیز سیکھئے
3-00 p.m	انڈونیشین سروس
4-00 p.m	چلڈرنز کلاس
5-00 p.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-00 p.m	زندہ لوگ "ملک اعجاز احمد صاحب"
6-30 p.m	روحانی خزائن
7-00 p.m	بنگلہ سروس
8-00 p.m	فرانسیسی سروس
9-00 p.m	خطبہ جمعہ
10-00 p.m	علمی خطابات
10-40 p.m	سوال و جواب
11-55 p.m	لقاء مع العرب

تحریک جدید کی عالمگیر ذمہ داریاں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے فرمایا:۔

"اس کثرت کے ساتھ جماعت میں دنیا کی دلچسپی بڑھ رہی ہے اور تیزی سے مطالبات آ رہے ہیں کہ اگر ہمارے موجودہ وسائل اسی طرح رہے تو ناممکن ہے کہ ہم دنیا کی ضرورتیں پوری کر سکیں۔"

حضور کے اس ارشاد کے پیش نظر مخلصین جماعت کا فرض ہے کہ وہ اس عظیم الشان عالمگیر دعوت الی اللہ کیلئے اپنے امام کے حضور تاحدِ استطاعت قربانی پیش کرنے کی سعادت حاصل کریں۔

(مرسلہ: وکیل المال اول تحریک جدید)

پبلشر آغا سیف اللہ ' پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

حضرت عمر بن الخطابؓ کی پاکیزہ زندگی کے نادر واقعات

آپ توحید کی غیرت رکھنے والے، علم کے قدردان، قول کے پکے، نور فراست سے مزین اور عاجزی کا پیکر تھے

مکرم حافظ عبدالحی صاحب

موعود خلیفہ

زید بن اسلم اپنے والد اسلم سے بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ جاہلیت کے زمانہ میں میں قریش کے تیس عدد اشخاص کے ساتھ تجارت کی غرض سے شام گیا۔ مجھے ایک ضروری کام پڑا تو میں نے ساتھیوں سے کہا تم چلو میں آتا ہوں پھر میں شام کے ایک بازار میں کھڑا تھا کہ ایک پادری آیا اور اس نے مجھے گردن سے پکڑا اور ایک گرجا کی طرف لے گیا میں نے بہت چھڑانے کی کوشش کی لیکن اس نے ایک نہ چلنے دی۔ وہاں مٹی کا ڈھیر لگا ہوا تھا اس نے مجھے ایک بیلچہ اور کلہاڑا اور تھیلہ لاکر دیا اور کہا: یہ مٹی اٹھا کر باہر پھینکو! میں سوچنے لگ گیا کہ اب کیا کروں؟ دوپہر کو وہ دوبارہ آیا اس نے ایک باریک سی چادر اوڑھ رکھی تھی جس سے اسکا سارا بدن نظر آرہا تھا۔ مٹی دیکھ کر کہنے لگا تم نے ذرا بھر بھی مٹی باہر نہیں نکالی؟ پھر اس نے میرے سر پہ ایک مکا دے مارا۔ میں نے اپنے آپ سے کہا: عمر تیری ماں تجھ پہ روئے بات یہاں تک پہنچ گئی ہے؟ پھر میں نے وہ بیلچہ اٹھا کر اسے دے مارا جس سے اسکا بھیجہ نکل کر باہر آگیا۔ میں نے اسے مٹی میں دبایا اور وہاں سے نکل بھاگا سارا دن اور رات چلتا رہا اور صبح میں ایک راہب خانہ کی دیوار کے سائے میں لگ کر بیٹھ گیا۔ وہاں سے ایک آدمی نکلا اور کہنے لگا: اے اللہ کے بندے یہاں کیوں بیٹھا ہے؟ میں نے جواب دیا کہ میں اپنے ساتھیوں سے بچھڑ گیا ہوں! اس نے کہا یہ گزرگاہ ٹھیک نہیں ہے۔ اور تم ڈرے ہوئے بھی لگ رہے ہو۔ چلو اندر آؤ اور کھا پی لو۔ پھر وہ میرے لئے خورونوش کی چیزیں لے آیا اور لگا مجھے غور سے دیکھنے۔ پھر اس نے کہا: اہل کتاب جانتے ہیں کہ اب دنیا میں مجھ سے بڑا عالم کوئی نہیں رہا! اور میں دیکھ رہا ہوں کہ تو وہی شخص ہے جو ہمیں اس راہب خانہ سے نکالے گا اور اس سارے ملک پہ قابض ہوگا! حضرت عمرؓ کہتے ہیں کہ میں نے کہا: تم کچھ اور ہی سوچ اور سمجھ رہے ہو! اس نے میرا نام پوچھا میں نے کہا: عمر بن الخطاب۔ اس نے کہا: خدا کی قسم تو وہی شخص ہے! پس تو یہ راہب خانہ اور جو اس میں ہے وہ میرے نام لکھ دے! میں نے کہا: تو نے مجھ پہ ایک احسان کیا ہے اب ایسی باتیں کرکے اسے مکدر نہ کر! پھر اس نے دوبارہ کہا: کہ تو لکھ دے! اگر تو وہی شخص ہے تو یہی میں چاہتا ہوں اور اگر تو وہ شخص نہیں تو تیرا کیا جاتا ہے؟ میں نے کہا: میں لکھ دیتا ہوں اور پھر میں نے اسے لکھ کر دے دیا۔ پھر اس نے مجھے کچھ کپڑے اور پیسے دئے اور ایک گدھی سواری کے لئے ساتھ کر دی اور کہا: تم جس بھی علاقہ سے گزرو گے لوگ خود ہی گھاس پھونس ڈال دیں گے۔ ہاں جب کسی پرامن جگہ پہنچ جاؤ تو اسے موڑ کر ایک ضرب لگا دینا یہ خود ہی واپس آجائے گی۔ میں نے دیکھا کہ واقعی لوگ اس گدھی کو چارہ ڈالتے اور پانی پلاتے رہے اور جب میں حجاز کے قریب ہوا تو میں نے اس گدھی کا رخ موڑ کر اسے ایک ضرب لگائی تو وہ واپس ہولی۔ پھر جب حضرت عمرؓ اپنی خلافت کے زمانہ میں شام آئے تو وہی راہب آپ کے پاس آپ کی وہ تحریر لے [illegible]۔ حضرت عمرؓ کو بہت تعجب ہوا۔ اس نے کہا: کہ اب آپ اپنا وعدہ وفا کریں اور وہ علاقہ مجھے دے دیں! حضرت عمرؓ نے کہا: اس میں عمر یا عمر کے باپ کا کچھ بھی نہیں ہے! یہ سب مسلمانوں کے مشترکہ منافع ہیں ہاں اگر تم وعدہ کرو کہ مسلمانوں کی مہمان نوازی کرو گے اور بھولے بھٹکے مسلمانوں کو راستہ بتاتے رہو گے اور اگر کوئی بیمار ہو تو اس کی تیمارداری بھی کرو گے تو ہم یہ علاقہ تمہیں لکھ دیتے ہیں! جب اس نے یہ شرائط مان لیں تو آپ نے بھی اپنا وعدہ نبھا دیا۔

(البدایۃ والنھایۃ لابن کثیر جلد 7 ص48 فتح بیت المقدس: طبعۃ اولی دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان)

اہل مکہ کو اسلام قبول کرنے کی خبر پہنچانے کا طریق

حضرت عمرؓ نے جب اسلام قبول کیا تو چاہا کہ آپ کے اسلام قبول کرنے کی خبر فوراً پھیل جائے۔ آپ نے پوچھا کہ مکہ میں سب سے زیادہ چغلخور کون ہے؟ بتایا گیا کہ جمیل تو آپ اس کے پاس گئے اور اسے اپنے اسلام قبول کرنے کے بارے میں بتایا اور اس سے کہا: کسی کو بتانا نہیں! پھر ابھی سورج بھی نہ ڈھلا تھا کہ تمام اہل مکہ کو آپ کے اسلام قبول کرنے کی خبر پہنچ گئی۔

(رسائل الجاحظ: جز 1 صفحہ 153: کتاب کتمان السر وحفظ اللسان: مکتبۃ الخانجی: قاھرہ: مصر)

مالی معاملات میں احتیاط

شہنشاہ روم کی طرف سے پیامبر آیا تو حرم حضرت عمرؓ نے ایک دینار قرض لیکر عطر خریدا اور اسے شیشیوں میں بھر کر ملکہ روم کو تحفۃً بھجوا دیا۔ اسکے جواب میں ملکہ روم نے انہی شیشیوں میں جواہرات بھر کر حرم حضرت عمرؓ کو بھجوائے۔ آپ نے وہ جواہرات شیشیوں سے نکال کر چادر پہ ڈالے ہی تھے کہ حضرت عمرؓ تشریف لے آئے۔ آپ کے پوچھنے پہ کہ یہ کہاں سے آئے ہیں انہوں نے ساری سرگزشت کہہ ڈالی۔ اس پر حضرت عمرؓ نے وہ جواہرات لئے اور انہیں بیچ ڈالا اور پھر ان پیسوں میں سے ایک دینار اپنی بیوی کو دیکر باقی بیت المال کو دے دیئے۔

(تاریخ مدینہ دمشق لابن عساکر جلد 44 ص326)

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے اونٹ خریدے اور انہیں چراگاہ میں بھیج دیا۔ جب وہ خوب موٹے تازے ہو گئے تو میں انہیں (بیچنے کے لئے) لے آیا۔ حضرت عمرؓ بازار سے گزرے تو اونٹوں کو دیکھ کر پوچھا کہ یہ کس کے اونٹ ہیں؟ لوگوں نے بتایا: عبداللہ بن عمر کے۔ تو آپ نے کہنا شروع کر دیا: عبداللہ بن عمر آفرین ہے امیر المؤمنین کا بیٹا! تو میں بھاگ کر آپ کے پاس حاضر ہو گیا۔ اور پوچھا امیر المؤمنین کیا بات ہے؟ آپ نے پوچھا یہ اونٹ کس کے ہیں؟ میں نے کہا: میں نے یہ اونٹ خریدے تھے اور جیسا کہ دوسرے مسلمان کرتے ہیں اسی طرح میں نے بھی انہیں چراگاہ میں بھیج دیا تھا۔ تو حضرت عمرؓ نے (طنزاً) کہنا شروع کر دیا۔ ہاں ہاں امیر المؤمنین کے بیٹے کے اونٹوں کو چارہ دو امیر المؤمنین کے بیٹے کو پانی دو! پھر فرمایا عبداللہ بن عمر یہ بیچ کر اپنا راس المال لے لینا اور باقی پیسے بیت المال کو بھجوا دینا۔

(تاریخ مدینہ دمشق لابن عساکر جلد 44 ص326)

توحید کی غیرت رکھنے والا متوکل

جب مصر فتح ہوا تو اہل مصر حضرت عمرو بن العاصؓ کے پاس آئے اور عرض کی کہ دریائے نیل کی ایک ریت ہے اور جب تک وہ پوری نہ کی جائے یہ بہتا نہیں ہے! آپ نے پوچھا کہ وہ کیا ریت ہے؟ اہل مصر نے کہا: اس مہینہ کی بارھویں رات کو ہم ایک کنواری لڑکی اسکے ماں باپ کو بہلا پھسلا کر لے لیتے ہیں اور پھر اسے عمدہ لباس زیب تن کروا کر اور قیمتی زیورات سے آراستہ کرکے دریائے نیل میں ڈال دیتے ہیں۔ حضرت عمروؓ نے کہا: یہ تو اسلام میں نہیں چلے گا کیونکہ اسلام پہلی تمام بد رسوم کا خاتمہ کرنے کے لئے آیا ہے خیر انہوں نے نہریں نالیاں دریائے نیل سے نکالیں لیکن دریا نہ چلا یہاں تک کہ لوگوں نے تنگ آکر علاقہ چھوڑنا شروع کر دیا جب حضرت عمروؓ نے یہ صورت حال دیکھی تو سارا ماجرا حضرت عمرؓ کو لکھ بھیجا۔ حضرت عمرؓ نے حضرت عمرو بن العاصؓ کو لکھا تم نے صحیح کہا! اسلام تمام پچھلی بد رسوم کا خاتمہ کرتا ہے۔ اور لکھا کہ میں اس خط کے ساتھ ایک رقعہ بھیج رہا ہوں وہ جا کر دریائے نیل میں ڈال دینا۔ جب حضرت عمروؓ بن العاصؓ نے وہ رقعہ پڑھا تو اس میں لکھا تھا: خدا کے ایک بندے عمر امیر المؤمنین کی طرف سے نیل کے نام! اور نیل کو مخاطب کرکے لکھا: اگر تو تو اپنی مرضی سے چلتا ہے تو بیشک نہ چل اور اگر خدائے واحد وقہار تجھے چلاتا ہے تو ہم اس سے استدعا کرتے ہیں کہ وہ تجھے چلا دے۔ پھر جب وہ رقعہ دریائے نیل میں ڈالا گیا تو اللہ تعالیٰ نے اسے چلا دیا اور ایک ہی رات میں سولہ فٹ پانی اونچا ہو گیا اور اس طرح اللہ تعالیٰ نے اہل مصر کی یہ ریت ختم کی۔

(کرامات الاولیاء سیاق ماروی من کرامات امیر المؤمنین ابی حفص رحمہ اللہ للالکائی دار طیبہ ریاض X جمھرۃ رسائل العرب فی عصور العربیۃ الزاھرۃ: احمد زکی الصفوت: جز 1 صفحہ 193 رقم رسالۃ 171: المکتبۃ العلمیۃ بیروت لبنان)

علم دوست قدردان

ایک شخص نے حضرت علیؓ کے خلاف حضرت عمرؓ کے پاس شکایت کی جبکہ آپ حضرت عمر کے پاس ہی بیٹھے ہوئے تھے۔ حضرت عمر نے آپ سے کہا: کہ ابو الحسن اٹھو اور اپنے مخالف کے پاس جا کر بیٹھ جاؤ۔ آپ اٹھے اور اس کے پاس جا کر بیٹھ گئے اور پھر دونوں اپنا اپنا قضیہ پیش کرنے لگے اور جب وہ شخص چلا گیا تو حضرت علیؓ دوبارہ اپنی جگہ پہ آکر بیٹھ گئے حضرت عمرؓ نے آپ کے چہرے پہ کچھ تغیر محسوس کرکے پوچھا: کہ ابوالحسن کیا بات ہے؟ کچھ برا لگا ہے؟ حضرت علی نے کہا: ہاں! اس پر آپ نے پوچھا: کیا؟ حضرت علیؓ نے

کہا: کہ آپ نے مجھے میرے مخالف کے سامنے میری کنیت کے ساتھ کیوں مخاطب کیا؟! یہ کیوں نہ کہا: علی اٹھ اور اپنے مخالف کے ساتھ جا کر بیٹھ! (عربوں میں دوسرے کی عزت وتکریم کے لئے اسے اس کی کنیت سے مخاطب کرتے تھے) اس پر حضرت عمرؓ نے حضرت علیؓ کو گلے لگا لیا اور آپ کا چہرہ چومنے لگے اور فرمایا میرے ماں باپ تم لوگوں پہ قربان! اللہ نے تمہارے ذریعہ ہمیں ہدایت دی اور تمہارے ہی ذریعہ ہمیں اندھیروں سے نکال کر نور سے منور کیا۔

(المستطرف فی کل فن مستظرف: بہاء الدین ابو الفتح محمد بن احمد منصور الابشیھی المتوفی 854ھ جلد 3 ص 42 دار صادر بیروت طبعۃ اولی 1999)

حضرت عمرؓ ایک دن حضرت حذیفہ بن یمان سے ملے اور پوچھا کیسے ہو؟ انہوں نے کہا: کیسے ہونا ہے فتنے سے محبت کرنے لگ گیا ہوں اور حق کو ناپسند کرتا ہوں اور بغیر وضو کے صلاۃ پڑھتا ہوں اور میرے پاس زمین میں وہ ہے جو اللہ کے پاس آسمان میں نہیں۔ اس پر حضرت عمرؓ کو شدید غصہ آیا اسی دوران حضرت علیؓ داخل ہوئے اور کہا: امیر المؤمنین آپ کے چہرے پہ غصے کے آثار دکھائی دے رہے ہیں؟ تو حضرت عمرؓ نے حضرت حذیفہ کی باتیں آپ کو سنا دیں۔ حضرت علیؓ نے کہا سچ کہتا ہے۔ کیونکہ فتنہ سے مراد مال ودولت اور اولاد ہے جیسا کہ خدا تعالیٰ فرماتا کہ تمھارے اموال اور تمھاری اولاد فتنہ یعنی آزمائش ہیں۔ اور حق کو ناپسند کرتا ہے یعنی موت کو اور بغیر وضو کے صلاۃ پڑھنے سے مراد درود شریف ہے جو وہ ہر وقت پڑھتا رہتا ہے۔ اور اس کے پاس زمین میں وہ ہے جو آسمان میں خدا کے پاس نہیں سے مراد اس کی بیوی اور اولاد ہے جو خدا کی نہیں ہے۔ حضرت عمرؓ نے کہا ابو الحسن خوب پہنچے ہو اور کمال پہنچے ہو اور میرے دل میں جو حذیفہ کے لئے بال آیا تھا وہ اب زائل ہو گیا ہے۔

(ألف قصہ وقصہ من قصص الصالحین: ھانی الحاج: رقم القصہ 416 صفحہ 258: المکتبہ التوفیقیہ: دمشق سوریا)

بردبار اور متحمل وجود

ایک دن حضرت عمرؓ اور جارود عبدی نماز پڑھ کر مسجد سے نکلے تو راستے میں ایک عورت دکھائی دی جسے حضرت عمر نے سلام کیا اس نے سلام کا جواب دے کر کہا: عمر ذرا ٹھہرو میں تم سے کچھ بات کرنا چاہتی ہوں! آپ نے فرمایا کہو۔ اس نے کہا: عمر میں تمہیں اس وقت سے جانتی ہوں جب تم عمیر کہلاتے تھے اور عکاظ کے بازار میں لڑکوں سے کشتی کرتے پھرتے تھے! پھر کچھ دن نہ گزرے تھے کہ تم نے اپنا نام عمر رکھ لیا۔ اور اس پہ بھی زیادہ دیر نہ گزری تھی کہ تم نے اپنے آپ کو امیر المؤمنین کہلوانا شروع کر دیا ہے! پس خدا کے خوف کے ساتھ لوگوں سے معاملہ کرو اور یاد رکھو جو موت سے ڈرتا ہے اسے ہی وقت کے ہاتھ سے جاتے رہنے کا اندیشہ رہتا ہے! اس پر جارود سے نہ رہا گیا اور وہ بول اٹھے: کہ تمہیں امیر المؤمنین کے سامنے ایسے بولنے کی جرأت کیسے ہوئی؟ اس پر حضرت عمر نے جارود سے کہا: جو یہ کہتی ہیں انہیں کہنے دو! کیا تم انہیں نہیں جانتے!؟ یہ خولہ بنت حکیم ہیں جن کی بات کو خدا نے آسمان سے سنا ہے تو عمر کے لئے مناسب یہی ہے کہ وہ ان کی بات کو سنے۔

آپ کا اشارہ سورہ مجادلہ کی آیت (قد سمع اللّٰہ قول التی ....) کی طرف تھا کہ اللہ نے اس عورت کی بات سنی جو اپنے خاوند کے متعلق تجھ سے جھگڑا کر رہی تھی اور اللہ سے (اس کی) شکایت کر رہی تھی!

(ألف قصہ وقصہ من قصص الصالحین: ھانی الحاج: رقم القصہ 57 صفحہ 46: المکتبہ التوفیقیہ: دمشق سوریا)

خدا کی آنکھ سے دیکھنے والا

صاحب کشف ورویا

حضرت عمرؓ نے ایک لشکر بھیجا اور اسکا امیر ساریہ نامی ایک شخص کو بنایا۔ پھر ایک دن خطبہ دیتے دیتے چیخ پڑے کہ یا ساریۃ الجبل! یا ساریۃ الجبل کہ اے ساریہ پہاڑ کی طرف! اے ساریہ پہاڑ کی طرف! کچھ دن بعد اسی لشکر کا ایک پیغامبر حضرت عمر کے پاس آیا اور کہا کہ امیر المؤمنین ہماری دشمن سے مڈبھیڑ ہوئی اور وہ ہمیں شکست دینے کو تھے کہ ہم نے ایک پکار سنی کہ اے ساریہ پہاڑ کی طرف! اے ساریہ پہاڑ کی طرف! اس پر ہم نے اپنی پشت پہاڑ کی طرف کر لی اور اللہ نے دشمن کو شکست دے دی!

(کتاب التاویل مختلف الحدیث. عبداللہ بن مسلم الدینوریؒ متوفی 276. دار الجیل بیروت)

حضرت عمرؓ نے ایک شخص سے اسکا نام پوچھا اس نے کہا: جمرۃ (یعنی انگارہ)۔ آپ نے پوچھا: کس کے بیٹے ہو؟ اس نے کہا: ابن شہاب کا (یعنی آگ کے شعلے کا)۔ آپ نے پوچھا کونسے قبیلے سے ہو؟ اس نے کہا: حرقۃ (یعنی آگ سے) آپ نے پوچھا: گھر کہاں ہے؟ اس نے کہا: بحرۃ النار (یعنی آگ کے سمندر میں)۔ آپ نے پوچھا اس کے کون سے محلے سے؟ اس نے کہا: لظی (یعنی آگ کی لپٹ سے) آپ نے فرمایا تو جلدی جاؤ تمہارے گھر والے جل گئے ہیں! اس نے جب گھر جا کر دیکھا تو واقعی وہ جل چکے تھے!

(مناقب أمیر المؤمنین عمر بن الخطاب لابن الجوزی: صفحہ 87 باب 32: دار المکتبہ الھلالی طبعۃ اولی 1989 بیروت)

مبارک شادی

حضرت عمرؓ فاروق لوگوں کے حالات سے باخبر رہنے کے لئے رات کو گشت کیا کرتے تھے۔ ایک دن آپ نے ایک عورت کو اپنی بیٹی سے کہتے سنا کہ اٹھو اور دودھ میں کچھ پانی ملا دو! اس پر لڑکی نے کہا: امی آپ کو پتہ نہیں کہ امیر المؤمنین نے دودھ میں پانی ملانے سے منع کیا ہے! ماں نے کہا: اٹھو اور پانی ملا دو اس وقت تمہیں عمر نے دیکھنا ہے نہ ان کے منادی نے! لڑکی نے فوراً کہا: کہ امی اگر عمر نہیں دیکھ رہا تو عمر کا خدا تو دیکھ رہا ہے! خدا کی قسم مجھ سے یہ نہیں ہوسکتا کہ میں جلوت میں تو ان کی اطاعت کروں لیکن خلوت میں نافرمانی کرتی پھروں!

صبح ہوتے ہی حضرت عمرؓ نے اپنے بیٹے عاصم سے کہا فلاں جگہ جاؤ وہاں ایک لڑکی ہے اگر اس کی شادی نہیں ہوئی تو اس سے شادی کر لو! شاید کہ اللہ اس سے ایک نیک نسل چلائے۔

عاصم نے اس سے شادی کی جس سے وہ خاتون پیدا ہوئیں جو عبدالعزیز بن مروان کے عقد میں آئیں اور اللہ نے انہی کے بطن سے حضرت عمر بن عبدالعزیز کو پیدا کیا جنہیں پانچواں خلیفہ راشد بھی کہا جاتا ہے

(مناقب أمیر المؤمنین عمر بن الخطاب لابن الجوزی: صفحہ 106 باب 34: دار المکتبہ الھلالی طبعۃ اولی 1989 بیروت)

کام نبیوں والے ہیں

جب ھرمزان کو حضرت عمرؓ کے پاس لایا گیا تو آپ مسجد نبوی میں اکیلے سو رہے تھے۔ ھرمزان نے پوچھا کہ عمر کہاں ہے؟ لوگوں نے کہا: یہ عمر ہی ہیں! لوگ چپ چاپ کھڑے ہو گئے تاکہ آپ جاگ نہ جائیں۔ ھرمزان نے پوچھا: دربان اور پہرے دار کہاں ہیں؟ لوگوں نے کہا: آپ کا کوئی دربان ہے نہ پہریدار، کوئی کاتب ہے نہ دیوان، ھرمزان نے کہا: پھر تو یہ نبی ہیں! لوگوں نے کہا: نہیں ان کے کام نبیوں والے ہیں۔

(البدایہ والنھایہ لابن کثیر: 7:71 فتح السوس)

قول کا پکا اور زبان کا دھنی

ھرمزان کو جب حضرت عمرؓ کے پاس قیدی بنا کر لایا گیا تو آپ کو بتایا گیا کہ یہ رستم کا ساتھی اور عجم کا لیڈر ہے! اس پر آپ نے اس سے کہا: اگر دنیا اور آخرت میں بھلائی چاہتے ہو تو اسلام قبول کر لو! اس نے کہا: میں جس دین پہ ہوں اچھا ہوں۔ اور کسی ڈر کی وجہ سے اسلام قبول نہیں کرنا چاہتا! حضرت عمرؓ نے تلوار منگوائی اور چاہا کہ اس کو قتل کروا دیں اس پر اس نے کہا: امیر المؤمنین مجھے پیاسے مارنے سے بہتر ہے کہ آپ مجھے پانی پلوا دیں! آپ نے پانی لانے کا حکم دیا جب اس نے پانی ہاتھ میں پکڑا تو کہا: امیر المؤمنین کیا جب تک میں یہ پانی پی نہ لوں اپنے آپ کو امن میں سمجھوں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! تو اس نے وہ پانی پھینک دیا اور کہا: قول پورا کرنا ہی حقیقی نور ہے! آپ نے فرمایا کہ تو سچ کہتا ہے۔ اب تیری جان امان میں ہے اور تیرے بارے میں غور کرنا پڑے گا! اور آپ نے اسکے سامنے سے تلوار ہٹوا دی۔ اس پر اس نے کہا امیر المؤمنین اب میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمدؐ اسکے بندے اور رسول ہیں اور جو کچھ وہ لائے ہیں سب برحق ہے! حضرت عمرؓ نے فرمایا: تو کیا ہی اچھا ایمان لایا ہے لیکن تجھے ایمان لانے سے کس چیز نے اتنی دیر روکے رکھا؟ اس نے کہا: پہلے میں اس لئے ایمان نہیں لایا کہ کہیں یہ نہ سمجھا جائے کہ تلوار کے ڈر سے ایمان لایا ہے! تو حضرت عمر نے فرمایا: سنو اہل فارس کے پاس واقعی ایسی سمجھ بوجھ ہے کہ جس کی بنا پہ وہ واقعی گزشتہ بادشاہت کے لائق تھے! پھر آپ نے اس سے حسن سلوک کرنے اور اسے نوازنے کا حکم دیا۔

(قصص العرب جلد 1 ص 182)

نور فراست سے مزین

جب کسریٰ کے خزانے حضرت عمرؓ کے پاس لائے گئے تو حضرت عبداللہ بن ارقم نے عرض کی: کہ جب تک آپ انہیں تقسیم نہ کر لیں بیت المال میں رکھوا دیں آپ نے فرمایا: میں انہیں کسی گھر کی چھت کے سائے تلے نہ رکھوانے دوں گا جب تک کہ انہیں بانٹ نہ دوں! پھر انہیں مسجد کے صحن میں رکھوا دیا گیا اور ان پہ پہرا لگوا دیا۔ صبح جب انہیں کھولا گیا تو ان کی چمک دمک سے آنکھیں چندھیانے لگیں اس پر حضرت عمرؓ رونے لگ گئے۔ آپ سے کہا گیا: امیر المؤمنین روتے کیوں ہیں خدا کی قسم یہ تو خوشی اور شکر کا دن ہے! آپؓ نے فرمایا: یہ خزانے جب بھی کسی قوم کو ملے ہیں ان میں باہمی بغض اور دشمنی کا آغاز ہو گیا۔

(تاریخ مدینہ دمشق لابن عساکر 44:338)

ایک عامل حضرت عمرؓ کے پاس آیا اور اپنی خواب سنائی کہ میں نے چاند اور سورج کو لڑتے دیکھا ہے۔ آپ نے پوچھا: تم کس طرف تھے؟ اس نے کہا: چاند کی طرف۔ آپ نے کہا: مٹ جانے والے نشان کے ساتھ! اور آپ نے اسے اس کے عہدے سے معزول کر دیا۔ پھر جب حضرت علیؓ اور امیر معاویہ کے درمیان اختلاف ہوا تو وہ شخص امیر معاویہ کے ساتھ رہا۔

(المستطرف: 2:411: باب 60)

حضرت زید بن اسلم بیان کرتے ہیں: حضرت عمرؓ بن الخطاب نے حضرت عباس بن عبد المطلب سے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو مسجد میں توسیع کے لئے کہتے سنا ہے۔ پس آپ کا گھر مسجد کے قریب ہے آپ وہ گھر ہمیں عنایت کر دیں ہم اس کے بدلہ میں اس سے بڑا گھر آپ کو دلوا دیں گے۔ حضرت عباسؓ نے کہا: مجھے قبول نہیں۔ حضرت عمرؓ نے کہا: اگر میں آپ کو ایسا کرنے پہ مجبور کر دوں تو؟ حضرت عباس نے کہا: آپ ایسا نہیں کر سکتے! ہم ایک حکم مقرر کر لیتے ہیں جو آپ کے اور میرے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کر دے۔ حضرت عمرؓ نے پوچھا: کسے حکم مقرر کریں؟ حضرت عباس نے کہا: حذیفہ بن الیمان کو۔ پھر یہ حضرت حذیفہؓ کے پاس گئے اور اپنا قضیہ بیان کیا۔ حضرت حذیفہؓ نے کہا: اس معاملہ کے بارے میں میرے پاس ایک واقعہ ہے۔ فرمایا کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے بیت المقدس میں توسیع کا ارادہ کیا۔ وہاں قریب ایک

باقی صفحہ 6 پر

محمد سمیع طاہر صاحب

محترم محمد رفیع صاحب گجراتی کا ذکر خیر

میرے پیارے چچا محترم محمد رفیع گجراتی ابن چوہدری لعل خاں مرحوم مشیر قانونی و وکیل دارالقضاء قادیان مورخہ 16 رجولائی 2003ء کو بعمر 76 سال ربوہ میں وفات پاگئے۔ اللہ ان کے درجات بلند کرے آمین۔ ان کی نماز جنازہ اگلے روز مولانا راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد نے پڑھائی قبرستان عام میں تدفین کے بعد مکرم قریشی سعید احمد اظہر صاحب نے دعا کروائی۔ پسماندگان میں ایک بیٹا اور تین بیٹیاں یادگار چھوڑی ہیں سب بچے شادی شدہ اور صاحب اولاد ہیں۔ الحمدللہ

محترم چچا رفیع ایک سیدھے سادے اور درویش منش انسان تھے دنیاداری سے کوسوں دور، نہایت پرخلوص، ٹوٹ کر محبت کرنے والے، بے غرض اور بے لوث، سچے اور کھرے انسان تھے۔

ہمارے دادا چوہدری لعل خاں مرحوم جو کھاریاں ضلع گجرات کے ایک بااثر زمیندار اور ماہر قانون تھے تقسیم ہند سے کافی پہلے قادیان منتقل ہو گئے تھے، محترم چچا رفیع کی ابتدائی تعلیم قادیان میں ہوئی قادیان تعلیم الاسلام ہائی سکول میں وہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے ہم جماعت تھے۔ محترم چچا رفیع نے میٹرک کا امتحان پاس کیا کہ ملک تقسیم ہو گیا میرے والد چوہدری محمد شفیع سلیم صاحب ابتدائی درویشوں میں شامل تھے۔ میرے دادا اور چچا پاکستان منتقل ہو گئے۔ لاہور کیمپ اور پھر ہمارے تایا جی داد کے یہاں قیام کیا۔ لاہور مہاجر کیمپ میں قیام کے دوران ہی ہمارے دادا چوہدری لعل خاں جو نہایت نفیس طبیعت کے مالک تھے، علیل ہو گئے اور لاہور چھاؤنی میں وفات پاگئے۔ میرے نانا محترم خواجہ غلام نبی مرحوم سابق ایڈیٹر الفضل قادیان میری والدہ کو اپنے ساتھ پاکستان لے آئے تھے۔ محترم دادا جان کی وفات پر حضرت مصلح موعود نے میرے والد کو پاکستان آنے کی ہدایت کی، یوں۔ ہمارے دونوں چچا محترم رفیع خاں اور محترم عزیز راشد ابھی نوعمر تھے۔

1962ء میں انہوں نے صدر انجمن احمدیہ میں ملازمت کر لی۔ ربوہ میں آ کر وہ پرسکون ہو گئے۔ اس بستی کی سکونت انہیں راس آئی اور وہ ربوہ کے ہو کر رہ گئے۔ ہماری والدہ نے انہیں استقلال سے کام کرتے دیکھا تو ربوہ کے ایک مخلص گھرانے میں ان کی شادی کرا دی، قدرت نے دو سادہ دل انسانوں کو یکجا کر دیا۔

ستمبر 1964ء میں مجھے تعلیم الاسلام کالج ربوہ میں داخلہ لینے کی سعادت حاصل ہوئی تو چچا رفیع کا گھر خوشیوں سے بھر چکا تھا، ایک پیاری سی بچی کی آمد نے انہیں بے پناہ خوشیوں سے ہمکنار کر دیا تھا۔

چچا کا گھر ایک مختصر سے کمرے پر مشتمل تھا، یہ کمرہ بھی پرانا اور بوسیدہ سا تھا لیکن جو محبت اور پیار مجھے اس گھر میں ملا وہ بڑے بڑے عالیشان بنگلوں میں مجھے دکھائی نہ دیا۔

کالج میں قیام کے پہلے سال مجھے (کھاریاں کا) گھر بہت یاد آتا تھا۔ میں تقریباً ہر روز شام کو چچا کے گھر آ جاتا تھا، چچا کے گھر میں مادی آسودگی تو نہیں ہوتی تھی لیکن پیار اور محبت کے خزانے وافر تھے۔ چچی مرحومہ بہت پیار سے میرے لئے چائے بناتیں، ساتھ بسکٹ وغیرہ ہوتے .... اور اگر گھر میں کچھ نہ ہوتا تو مرغی کا انڈا ابال کر لے آتیں۔ میں ان کی محبت اور پیار کو کیسے بھول سکتا ہوں۔

چچا کو بعد میں انجمن احمدیہ کی طرف سے رہائش کی سہولت حاصل ہو گئی اور فضل عمر ہسپتال کے مین گیٹ کے بالکل سامنے پہلا گھر ان کا تھا۔

میں تعلیم کے سلسلہ میں چار سال ربوہ میں مقیم رہا تو باقاعدگی سے ان کے گھر جاتا رہا۔ ان کے برتاؤ میں کبھی فرق نہ آیا۔ بعد میں جب بھی کبھی ربوہ آتا ہوا چچا کے گھر کی زیارت میری مصروفیات کا حصہ رہی۔

اللہ رب العزت نے چچا کو تین بیٹیوں اور ایک بیٹے سے نوازا تھا۔ بیٹیوں نے خاص طور پر چچا کی ذہانت ورثے میں پائی اور ربوہ کے ماحول کے زیر اثر اعلیٰ تعلیمی کامیابیاں حاصل کیں۔

چچا رفیع کو بچپن سے ہی سیر و تفریح کا بہت شوق تھا۔ ایک طرح سے وہ سیلانی آدمی تھے۔ جہاں معمولی سی قرابت داری یا جان پہچان ہوتی وہاں پہنچ جاتے تھے لاہور میں ان کے بیسیوں عزیز تھے، وہ ہر کسی کے یہاں جاتے تھے۔ ہر کسی سے نہایت خلوص اور محبت سے ملتے تھے ان کے برتاؤ میں ظاہرداری اور بناوٹ کی ملونی نہیں ہوتی تھی۔

